# نعت

حمدت الله حین فوادی الی الاسلام والدین المنیف

میں نے خدا کا شکر ادا کیا جب اس نے میرے دل کو اسلام اور بلند مرتبہ دین کی توفیق بخشی۔

لدین جاء من رب عزیز خبیر بالعباد بهم لطیف

اس دین کو جو عظمت وعزت والے پروردگار کی طرف سے آیا ہے جو بندوں کے تمام حسابات سے باخبر اور ان پر بڑا مہربان ہے۔

اذا تلیت رسائله علینا تحدر مع ذی اللف الحصیف

جب اس کے پیغاموں کی تلاوت ہمارے سامنے کی جاتی ہے تو ہر صاحب عقل اور صائب الرائے کے آنسو رواں ہو جاتے ہیں۔

رسائل جاء احمد من هداها بایاتٍ مبینة الحروف

وہ پیغامات جن کی ہدایتوں کو احمد ﷺ لے کر آئے واضح الفاظ وحروف والی آیتوں میں۔

واحمد مصطفی فینا مطاعاً فلا تغشوه بالقول العنیف

اور احمد ﷺ ہم میں برگزیدہ ہیں جن کی اطاعت کی جاتی ہے لہٰذا تم ان کے سامنے نا ملائم لفظ بھی منہ سے نہ نکالنا۔

فلا والله نسلمه لقوم ولما نقض فیهم بالسیوف

تو خدا کی قسم ہم ان کو اس قوم کے حوالے کبھی نہیں کریں گے جن کے بارے میں ہم نے ابھی تلواروں سے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔